اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

16/15 جولائی کو سورج کی مدد سے صحیح سَمتِ قبلہ (Direction of Qibla) معلوم کیجئے

سال میں 2 مرتبہ (28/27 مئی اور 16/15 جولائی کو) سورج کعبہ معظّمہ کے اوپر آتا ہے۔اوراس وقت کسی شے (Object) کے بننے والے سایے (Sun Shadow) کی مدد سے (مساجد اور گھروں وغیرہ کیلئے) بآسانی درست سمت قبلہ معلوم کی جاسکتی ہے۔

توجہ خاص: اگراصل قبلہ سے (دائیں یا بائیں) 45 درجہ کے اندر اندر نمازیں پڑھی گئیں، ادا ہوگئیں۔

(خلاصہ بہارشریعت ج اوّل حصہ 3 ص487 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی)

طریقہ: 16/15 جولائی کو عرب شریف کے وقت کے مطابق دن 12:27 (گرین وچ کے مطابق صبح کے 9:27) پر کسی بھی لکڑی یا سریے (Iron Rod) وغیرہ کو عموداً (Vertical) کھڑا کریں اس احتیاط سے وہ کسی جانب جھکا نہ ہو۔یا کسی ڈوری کے سرے پر کوئی وزنی چیز باندھ کر لٹکائیں۔

اب درج شدہ وقت پر بننے والے سائے پر کوئی نشان لگادیں۔(دیگر مشہور ممالک کے اوقات آخر میں درج ہیں) اگر یہ عمل 4,2 منٹ قبل یا بعد بھی کیا تو کوئی حرج نہیں۔

اب سائے کے نشان پر کھڑے ہوکر اس لکڑی، سریے (Iron Rod) یا ڈوری کی جانب رخ کرنے سے عین کعبہ کو رخ ہوجائے گا۔

ممالک کے نام	معیاری وقت
گھانا، گمبیا، ماریطانیہ، مالی، ٹوگو وغیرہ	9:27AM
برطانیہ (u.k)، آئس لینڈ، آئرلینڈ، بینن، نائجر، نائجیریا، کونگو وغیرہ	10:27AM
البانیہ، آسٹیریا، ڈنمارک، فرانس، اٹلی، نیدرلینڈ، ناروے، اسپین، سویڈن، مصر، بوٹسوانا، لیسیتھو، ملاوی، موزمبیق وغیرہ	11:27AM
عرب شریف، بحرین، عراق، کینیا، کویت، قطر، تنزانیہ، یمن، سوڈان، بلغاریہ، گریک، ترکی، جورڈن، لبنان، فلسطین، شام وغیرہ	12:27 PM
عرب امارات، عمان، موریشس وغیرہ	1:27 PM
ایران، افغانستان	1:57 PM
پاکستان، تاجکستان وغیرہ	2:27PM
انڈیا، سی لنکا	2:57 PM
نیپال	3:12PM
بنگلادیش	3:27 PM
انڈونیشیا (جاوا)، تھائیلینڈ	4:27 PM
چین، ھانگ کانگ، ملائیشیا، فلپائن، سنگاپور، تائیوان، انڈونیشیا (کالیمنٹن) وغیرہ	5:27PM
جاپان، کوریا	6:27PM

مجلسِ توقیت (دعوتِ اسلامی)

Email:prayer@dawateislami.net